Ready

Prepare. Plan. Stay Informed.®



# اپنے پالتو جانوروں کو ہنگامی حالات کیلئے تیار کرنا اچھی بات ہے۔

## ابھی تیار ہوجائیں۔

یہ معلومات یوایس ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی کے ذریعہ درج ذیل کے صلاح و مشورے سے تیار کی گئی تھی:
امریکن کینل کلب، امریکن سوسائٹی فار پریوینشن آف کروئلٹی ٹو انیملز (انسداد مظالم بہ حیوانات)، ویٹرینری میڈیکل ایسوسی ایشن، اور ہیومن سوسائٹی آف یو ایس۔

---

AMERICAN KENNEL CLUB℠

ASPCA®
THE AMERICAN SOCIETY FOR THE PREVENTION OF CRUELTY TO ANIMALS

AMERICAN VETERINARY MEDICAL ASSOCIATION®

THE HUMANE SOCIETY OF THE UNITED STATES

U.S. DEPARTMENT OF HOMELAND SECURITY
FEMA

Ready
Prepare. Plan. Stay Informed.®

FEMA R-7 / Catalog No. 09078-1
URDU



# اپنے پالتو جانوروں کیلئے تیاری کرنا اچھی بات ہے۔

## ابھی تیار ہوجائیں۔

اگرآپ پورے ملک کے لاکھوں دیگر پالتوجانور کے مالکان کی طرح ہیں تو، آپ کا پالتو جانور آپ کے گھرانے کا ایک اہم فرد ہے۔ کسی ہنگامی صورتحال جیسے آتشزدگی یا سیلاب، ٹورنیڈو یا دہشت گردانہ حملے میں آپ اور آپ کے جانوروں کے بچنے کا امکان بہت حد تک آج کی جانے والی منصوبہ بندی پر منحصر ہے۔ آپ غیرمتوقع حالات کی تیاری کیلئے کچھ چیزیں کرسکتے ہیں، جیسے جانوروں کے سازوسامان والا ہنگامی کٹ تیار رکھنا یا جانوروں کی آپسی نگہداشت کا نظام فروغ دینا۔ کسی ہنگامی حالت کیلئے یکساں اہمیت کے حامل ہیں۔ خواہ آپ کسی ہنگامی صورتحال میں ٹھہرنے یا کسی محفوظ مقام پر چلے جانے کا فیصلہ کریں، آپ کو اپنے پالتو جانوروں کیلئے پیشگی طور پر منصوبے بنانے کی ضرورت ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ آپ کیلئے جو کچھ بہتر ہے وہی آپ کے جانوروں کیلئے بھی بہتر ہے۔

اگر آپ کیلئے وہاں سے نکلنا ضروری ہو اور اگر ممکن ہو تو، اپنے پالتو جانور کو ساتھ لے جائیں۔ البتہ، اگر آپ کسی عوامی پناہ گاہ میں جارہے ہیں تو، یہ سمجھنا ضروری ہے کہ جانوروں کو اندرلےجانے کی اجازت نہیں ہوسکتی ہے۔ پیشگی طور پر پناہ کے متبادلات کی منصوبہ بندی کریں جو آپ اور آپ کے پالتو جانوروں دونوں کیلئے مناسب ہو۔

ایسی صورتحال کیلئے ایک متابعتی ہنگامی منصوبہ بنائیں جب آپ خود اپنے جانوروں کی دیکھ بھال نہ کرسکیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے اپنے پڑوسیوں، دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ باہمی تعاون کا نظام تیار کریں کہ جب آپ اپنے جانوروں کی دیکھ بھال نہ کرسکیں تو کوئی ان کی دیکھ بھال یا انہیں نکالنے کیلئے موجود ہو۔ بروقت جوکچھ بھی دستیاب ہو اسے اپنی صوابدید کے مطابق اس طرح استعمال کرنے کیلئے تیار رہیں کہ وہ کم از کم تین دنوں، یا زیادہ عرصے تک چل سکے۔

غیر متوقع امور کے لئے تیاری کرنا اچھی بات ہے۔
**ابھی تیار ہوجائیں۔**

# 1 تیاری کریں

## پالتو جانور کے لئے ہنگامی ساز و سامان کا کٹ تیار کریں۔

جس طرح آپ اپنے خاندان کے ہنگامی سازوسامان کے تھیلے کے ساتھ کرتے ہیں، پہلے زندہ رہنے کی بنیادی چیزوں کے بارے میں سوچیں، خاص طور پر غذا اور پانی کے بارے میں۔ دو تھیلے رکھیں۔ ایک میں، ہر وہ چیزڈالیں جس کی ضرورت آپ اور آپ کے کے پالتو جانور کو اپنی جگہ پر رہنے کیلئے ہو۔ دوسرا کٹ ہلکے وزن کا، قدرے چھوٹا ہونا چاہیے جسے آپ اپنا گھر چھوڑ کر جانے کی صورت میں اپنے اور اپنے پالتوجانور کیلئے ساتھ لے کر جاسکیں۔ ساتھ ہی، اس بات کو یقینی بنانے کیلئے اپنے تھیلوں پر پابندی کے ساتھ نگاہ ڈالتے رہیں کہ ان کے مشمولات، خاص طور پر غذائیں اور دوائیں، تازہ ہوں۔

**غذا.** ایک سیل بند، واٹر پروف برتن میں کم از کم تین دنوں کا کھانا رکھیں۔

**پانی.** اپنے اور اپنے خاندان کی ضرورت کے علاوہ خاص طور پر اپنے پالتو جانوروں کیلئے کم ازکم تین دن کا پانی رکھیں۔

**دوائیں اور طبی ریکارڈز۔** ایک واٹرپروف برتن میں ان دواؤں کی اضافی مقدار رکھیں جو آپ کا پالتو جانور پابندی سے لیتا ہو۔

**ابتدائی طبی امداد کا کٹ۔** اپنے سلوتری سے معلوم کریں کہ آپ کے پالتو جانور کی ہنگامی طبی ضروریات کیلئے کیا سب سے زیادہ مناسب ہے۔ زیادہ تر کِٹس میں روئی کے بینڈیج رولز، بینڈیج ٹیپ اور قینچیاں؛ انٹی بایوٹک مرہم؛ چیچڑ اور جوں کو روکنے والی تدابیر؛ ربر کے دستانے، آئسوپروپائل الکحل اور سلائن کا محلول شامل ہونا چاہئے۔ پالتوجانوروں کے ابتدائی طبی امداد سے متعلق مشورے کی کتاب شامل کریں۔

**شناختی ٹیگ کے ساتھ، پٹہ یا زنجیر۔** آپ کے پالتو جانور کو ہر وقت پٹہ مع ریبیز اور شناخت کا ٹیگ پہنے ہونا چاہئے۔ اپنے پالتو جانور کے ہنگامی سازوسامان کے تھیلے میں‌اضافی زنجیر، پٹہ اور شناختی ٹیگ شامل کریں۔ اس کے علاوہ اپنے پالتو جانور کے رجسٹریشن کی معلومات، پالنے کیلئے لینے کے کاغذات، ٹیکہ کاری کے دستاویزات اور طبی ریکارڈز پلاسٹک کے ایک صاف تھیلے یا واٹرپروف برتن میں رکھیں اور انہیں اپنے تھیلے میں بھی شامل کریں۔ آپ کو اپنے سلوتری سے مستقل شناخت جیسے مائیکروچپ لگانا، اور اپنے پالتوجانور کا اندراج بازیابی کے ڈیٹا بیس میں کروانے کے معاملات پر گفتگو کرنے پر بھی غور کرنا چاہئے۔

**کریٹ یا پالتوجانور کو لے جانے والی دوسری چیزیں۔** اگر آپ کو ہنگامی صورتحال میں گھر خالی کرنے کی ضرورت ہو تو اپنے پالتو جانوروں کو اپنے ساتھ لے جائیں بشرطیکہ ایسا کرنا ممکن ہو۔ کئی معاملات میں، آپ کے پاس اپنے پالتو جانور کو لے جانے کیلئے ایک مضبوط، محفوظ اور آرام دہ کریٹ یا کیریئر تیار رہنے سے آپ کے ایسا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ یہ کیریئر اتنا بڑا ہونا چاہئے کہ آپ کا جانور اس میں کھڑا ہوسکے، گھوم سکے اور لیٹ سکے۔

**صفائی ستھرائی۔** اگر مناسب ہو تو اپنے پالتو جانور کی صفائی ستھرائی سے متعلق ضروریات کیلئے پالتو جانوروں کے فضلے کا کٹ، اخبارات، کاغذی تولیے، پلاسٹک کے کوڑے والے تھیلے اور گھریلو کلورین بلیچ شامل کریں۔ آپ بلیچ کا استعمال جراثیم کش کے طور پر(ایک حصہ بلیچ کو نو حصے پانی میں حل کریں)، یا ہنگامی صورتحال میں پانی کی صفائی کیلئے بھی کرسکتے ہیں۔ پانی کے فی گیلن کیلئے عام گھریلو بلیچ کا 16 بوند استعمال کریں۔ خوشبووالے، رنگ محفوظ رکھنے والے یا اضافی صفائی مادے والے بلیچ کا استعمال نہ کریں۔



**اپنے پالتو جانور کے ساتھ اپنی ایک تصویر۔** اگر کسی ہنگامی صورتحال میں آپ اپنے پالتو جانور سے الگ ہوجاتے ہیں تو، آپ اور آپ کے پالتو جانورکی ایک ساتھ تصویر سے آپ کو ملکیت ثابت کرنے اور اپنے جانور کی شناخت میں دوسروں کی اعانت کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ نوع، نسل، عمر، جنس، رنگ اور استثنائی خصوصیات کی تفصیلی معلومات شامل کریں۔

**شناسا چیزیں۔** اپنے تھیلے میں پسندیدہ کھلونے، کھانے کی چیزیں یا بستر شامل کریں۔ شناسا چیزوں سے آپ کے پالتو جانور کے تناؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

# 2 منصوبہ

## آپ ہنگامی صورتحال میں کیا کریں گے۔

صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے تیار رہیں۔ ہنگامی صورتحال میں‌اپنی نگہداشت اور اپنے پالتو جانور کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے آپ کے پاس جو کچھ بھی دستیاب ہو اسے استعمال کریں۔ آپ کے حالات اورہنگامی صورتحال کی نوعیت کی بنیاد پر، پہلا اہم فیصلہ یہ ہے کہ آیا آپ کو وہیں رہنا چاہئے جہاں ہیں یا نکل جانا چاہئے۔ آپ کو دونوں امکانات کو سمجھنا اور اس کے لئے منصوبہ بنانا چاہئے۔ اس بات کا فیصلہ کرنے میں اپنی عقل اور آپ جو کچھ سیک۔ رہے ہیں ان معلومات کا استعمال کریں کہ آیا وہاں کوئی فوری خطرہ ہے۔ ہنگامی حالت میں، مقامی انتظامیہ جو کچھ ہورہا ہے اور اس بارے میں کہ آپ کوکیا کرنا چاہئے، فوری طور پر معلومات فراہم کربھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ البتہ، آپ کو ہدایات کیلئے ٹی وی دیکھنا، ریڈیو سننا یا انٹرنیٹ دیکھنا چاہئے۔ اگر آپ سے خاص طور پر نکل جانے، محفوظ جگہ پر پناہ لینے یا طبی علاج حاصل کرنے کیلئے کہا جاتا ہے تو، فوراً ایسا کریں۔

**جانے کیلئے ایک منصوبہ تیار کریں۔** اس بات کا منصوبہ بنائیں کہ آپ اپنے پالتو جانور کا کیا کریں گے اور اندازہ لگائیں کہ آپ کہاں جائیں گے۔ اگر آپ کیلئے وہاں سے نکلنا ضروری ہو تو، ممکن ہونے پر اپنے پالتو جانور کو ساتھ لے جائیں۔ اگر آپ کسی عوامی پناہ گاہ میں جاتے ہیں تو، اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ جانوروں کو اندر لے جانے کی اجازت نہیں بھی ہوسکتی ہے۔ اپنے زیرنگہداشت جانوروں کی نوعیت اور تعداد کے لحاظ سے پیشگی طور پر موزوں رہائش کا انتظام کرلیں۔ اپنے ایسے اہل خاندان یا دوستوں کے بارے میں غور کریں جو ہنگامی صورتحال میں آپ اور آپ کے جانوروں کو اپنے یہاں رکھنے کے خواہشمند ہوں۔ دیگر اختیارات میں شامل ہوسکتے ہیں: کوئی ایسا ہوٹل یا سرائے جوپالتو جانوروں کو رکھتے ہوں یا کوئی بورڈنگ ادارہ، جیسے کینل یا ویٹرنری ہاسپٹل جو کسی مرکز انخلاء یا آپ کے خاندان کے ملنے کی جگہ کے قریب ہو۔ کسی ہنگامی صورتحال سے قبل ہی یہ معلوم کریں کہ آیا آپ کے علاقے میں ان میں سے کوئی سہولت ہے جو آپ اور آپ کے پالتو جانوروں کیلئے مناسب اختیار ہو۔

**ادلا بدلی کا نظام فروغ دیں۔** اسبات کو یقینی بنانے کیلئے اپنے پڑوسیوں، دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ منصوبہ بنائیں کہ جب آپ اپنے جانوروں کی دیکھ بھال نہ کرسکیں تو کوئی ان کی دیکھ بھال یا انہیں نکالنے کیلئے موجود ہو۔ اپنے پالتو جانوروں کے نگہداشت کے ادلا بدلی کے نظام میں شریک افراد کے ساتھ اپنے انخلاء کے منصوبے بنائیں اور انہیں دکھا دیں کہ آپ نے اپنے پالتو جانور کا ہنگامی سازوسامان کا کٹ کہاں رکھا ہے۔ ساتھ ہی خصوصی مقامات کی نشاندہی بھی کریں، ایک جو آپ کے قریبی علاقے میں ہو اور دوسرا جو کہیں دور ہو، جہاں آپ سبھی ہنگامی صورتحال میں ملاقات کریں گے۔



**اپنے پالتو جانوروں کے سلوتری سے ہنگامی منصوبہ بندی کے بارے میں بات کریں۔**
ان چیزوں کے بارے میں گفتگو کریں جو آپ کو اپنے پالتو جانور کے ہنگامی ابتدائی طبی امداد کے تھیلے میں شامل کرنا چاہئے۔ ان شہروں کے سلوتریوں یا جانوروں کے ہسپتالوں کے نامعلوم کرلیں جہاں آپ کوعارضی پناہلینے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کو اپنے سلوتری سے مستقل شناخت جیسے مائیکرچپ لگانا، اور اپنے پالتوجانور کا اندراج بازیابی کے ڈیٹا بیس میں کروانے کے معاملات پر گفتگو کرنے پر بھی غور کرنا چاہئے۔ اگرآپ کے پالتو جانور کو مائیکرو چپ لگا ہوا ہو تو، اپنے پالتو جانور کو دوبارہ پانے کیلئے ہنگامی رابطے کی معلومات کو تاحال تازہ رکھنا اور کسی قابل اعتبار بازیابی والے ڈیٹا بیس میں درج کروانا ضروری ہے۔

**جانوروں کے ہنگامی علاج سے متعلق رابطے کی معلومات جمع کریں۔**
جانوروں کو قابو کرنے والی علاقائی ایجنسیوں، بشمول ہیومن سوسائٹی یا ASPCA، اورجانوروں کے ہنگامی ہسپتالوں کے رابطے کی معلومات اور پتے کی فہرست بنائیں۔ ان فون نمبروں کی ایک نقل اپنے پاس اور ایک اپنے پالتو جانور کے ہنگامی سازوسامان والے تھیلے میں رکھیں۔ فائرفائٹروں اور راحت رساں کارکنوں کو آگاہ کرنے کیلئے اپنے دروازوں یا کھڑکیوں پر"اندر پالتوجانور ہیں" والا اسٹیکر حاصل کرکے لگائیں اور اس میں اپنے گھر میں موجود پالتو جانوروں کی تعداد اور قسم درج کریں۔ اسٹیکر پر کوئی ایسا فون نمبر درج کریں جس پر ہنگامی صورتحال میں آپ سے رابطہ کیا جاسکے۔ اور اگرآپ اپنے جانوروں کو ساتھ لے کر نکل جاتے ہیں تو، اگر وقت اجازت دے تو، اسٹیکر کے آرپار "جانوروں کے ساتھ گئے ہیں" لکھنا یاد رکھیں۔

# 3 باخبر رہیں

## ہنگامی صورتحال کی نوعیتوں کے بارے میں معلوم کریں۔

کچھ چیزیں جو آپ غیر متوقع امورکے لئے تیاری کرنے کے واسطے انجام دے سکتے ہیں، جیسے اپنے، اپنے خاندان اور اپنے پالتو جانوروں کیلئے ہنگامی ساز و سامان کا کٹ تیار کرنا، وہ ہنگامی صورتحال کی نوعیت سے قطع نظر ایک جیسی ہوتی ہیں۔ تاہم، جو کچھ پیش آسکتا ہے اور ہمارے علاقے میں جس طرح کے ہنگامی حالات کے اثر انداز ہونے کا امکان ہے، ساتھ ہی اپنی ریاست اور مقامی انتظامیہ کے ذریعہ تیار کردہ ہنگامی منصوبے بارے میں باخبر رہنا ضروری ہے۔ تیاری کرنے سے متعلق مزید معلومات کے لئے، www.ready.gov ملاحظہ کریں یا 1-800-BE-READY پر کال کریں۔

اس معلومات کو اپنے ذاتی حالات کے موافق ڈھالنے کے لئے تیار رہیں اور منظرنامے سے متعلق حکام کی جانب سے موصول ہونے والی اطلاعات پر کاربند رہنے کی کوشش کریں۔ ان آسان تیاریوں کی مدد سے، آپ غیر متوقع امور کے لئے آمادہ ہوسکتے ہیں۔ جو لوگ اپنے اور اپنے پالتو جانوروں کیلئے پہلے سے وقت نکال کر تیاری کرلیتے ہیں ان کو دشواری، تناؤ اور پریشانی کا سامنا ہونے کا کامکان کم ہوگا۔ اپنے اور اپنے جانور کو تیار کرنے کیلئے ابھی وقت نکالیں۔

**اپنے پالتو جانوروں کیلئے تیاری کرنا اچھی بات ہے۔**
**ابھی تیار ہوجائیں۔**